سوال

(263) تمباکو کی تجارت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا تمباکو، سگریٹ وغیرہ کی تجارت بھی حرام ہے؟ جس طرح شراب کی تجارت کرنے والا بھی اس کے گناہ میں شریک ہوتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں جس طرح تمباکو کا استعمال حرام ہے اسی طرح اس کی تجارت بھی حرام ہے، کیونکہ یہ تعاون علی الاثم والعدوان کے زمرے میں آتا ہے۔ اور شریعت نے تمام حرام چیزوں کی تجارت سے منع فرمایا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02